Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۶ر شعبان سنہ ۱۳۳۹ھ مطابق ۲۵ر اپریل سنہ ۱۹۲۱ء	نمبر ۱۷

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	پنشن منشی راج بہادر دیو الصدر صاحب	۱ و ۲
۲	رخصت [illegible] خان صاحب منتظم [illegible]	۲
۳	رخصت منصرم رجسٹری شیٹ	۲
۴	رخصت سب انسپکٹر پولیس	۲
۵	رخصت [illegible] تحصیل	۲
۶	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۶ر اپریل سنہ ۱۹۲۱ء کو

منشی راج بہادر دیو الصدر ابتداءً برٹش گورنمنٹ کے ملازم تھے سنہ ۱۸۹۰ء سے ملازمت ریاست کا سلسلہ شروع ہوا اور بحکم ۸ر اکتوبر سنہ ۱۹۰۸ء [illegible] امید دلائی گئی بعد ازاں وقتاً فوقتاً بلحاظ حسن خدمات وامانت و دیانت انکی عزت افزائی وترقی تنخواہ ہوتی رہی اور بموقع سالگرہ سنہ ۱۹۱۰ء انکو [illegible] متوسلان قدیم مین شمار کرکے عہدہ دیو الصدر انکے خاندان مین نسلاً بعد نسلٍ قائم

رکھا جانا منظور ہے کیونکہ اب منشی راج بہادر کی مدت ملازمت بنشار حکم ۹ اکتوبر ۱۹۰۵ء ۲۴ سال ہو ... اور بوجہ ضعیف العمری وہ پنشن کے مستدعی ہیں۔ لہذا بلحاظ پرورش و قدر افزائی انکی پنشن منظور کیجاتی ہے اور حسب ذیل انتظام کیا جاتا ہے

۱۔ منشی راج بہادر دیوان صدر کی ایک سو پچاس روپیہ ماہوار پنشن مقرر کیجاتی ہے جو بجٹ پنشنداران سے ملا کریگی

۲۔ منشی شیام بہادر خلف منشی راج بہادر اسسٹنٹ دیوان صدر بمشاہرہ ... روپیہ ماہوار دیوان صدر مقرر ہوں

۳۔ منشی برج بہادر خلف منشی راج بہادر بمشاہرہ پچیس روپیہ ماہوار اسسٹنٹ دیوان صدر مقرر ہوں

۴۔ چونکہ خزانہ کا کام نہایت اہم اور بڑی ذمہ داری کا ہے لہذا منشی راج بہادر اپنے لڑکوں کے کام کے نگران اور پورے ذمہ دار رہیں گے اور جو اعزاز حاضری دربار وغیرہ انکو حاصل ہیں بدستور قایم رہیں گے

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ دستخط ...

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۹ اپریل ۱۹۲۱ء

چونکہ بسلسلہ انتظام عہدہ چیف سکریٹری منشی شیر زمان خان صاحب ڈسٹرکٹ وسشن جج کو اختیارات سماعت مقدمات عدالت العالیہ اپیل کے اور منشی عماد اسد خان جج عدالت خفیفہ کو اختیارات ڈسٹرکٹ وسشن جج دیکر عارضی انتظام کیا گیا۔ مگر منشی عماد اسد خان جج خفیفہ بیمار ہیں اور ایک مہینہ سے رخصت پر ہیں اور اب مزید ایک ماہ کی رخصت کی درخواست کرتے ہیں اور معلوم نہیں کہ کب تک انکو صحت ہوگی بالفعل منشی شیر زمان خان صاحب دونوں جگہ کام کر رہے ہیں اور فیصلہ مقدمات ڈسٹرکٹ وسشن جج تعویق میں پڑے ہوئے ہیں۔ لہذا اسکے لئے حسب ذیل انتظام کیا جاتا ہے

(۱) صاحبزادہ مرزا بشیر الدین احمد خان بہادر کو عارضی طور پر باختیارات ڈسٹرکٹ وسشن جج ریاست ... ڈسٹرکٹ وسشن جج مقرر کیا جاتا ہے۔

(۲) یہ اختیارات صاحبزادہ مرزا بشیر الدین احمد خان بہادر کو اسوقت تک کیلئے دئے جاتے ہیں کہ منشی شیر زمان خان اپنے کام پر واپس جائیں یا منشی عماد اسد خان بعد صحت کام کرنے کے قابل ہو جائیں اور اجلاس ... احکام صادر ہونے کے بعد وہ کام شروع کریں۔

(۳) بالفعل صاحبزادہ مرزا بشیر الدین احمد خان بہادر ڈسٹرکٹ وسشن جج کا کام عارضی طور پر انجام دینگے۔ اور تنخواہ بدستور جس صیغہ سے پاتے تھے پاتے رہینگے۔

(۴) جو کارروائی مقدمات ابتدائی دیوانی وسشن میں جس نوبت تک ہو چکی ہے صاحبزادہ مرزا بشیر الدین احمد خان بہادر اس سے آئندہ کارروائی جاری رکھیں تاکہ اہل معاملہ و گواہان کو دوبارہ تکلیف و کشاکشی نہو۔

(۵) منشی عماد اسد خان کی رخصت ایک ماہ ۱۵ اپریل ۱۹۲۱ء سے منظور کیجاتی ہے ان ایام رخصت میں جو الاؤنس انکو ڈسٹرکٹ سشن جج کے کام کا ملتا تھا نہیں ملیگا۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں

ملخص حکم اجلاس صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۲۰ اپریل ۱۹۲۱ء

حسب تحریر بخشی صاحب فوج۔ رخصت پندرہ یوم منشی شیام لال منصرم ہسٹری شیٹ بوجہ علالت بسلسلہ رخصت سابقہ ۲ اپریل ۱۹۲۱ء سے منظور ہوئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۸ اپریل ۱۹۲۱ء

بنشار حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم۔ رخصت یکہفتہ اتفاقیہ سید مہدی حسن ... بغرض شرکت شادی بمقام میرٹھ منظور کی گئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۹ اپریل ۱۹۲۱ء

آٹھ دن کی رعایتی رخصت ... ۲۰ اپریل ... منظور ہوئی۔

متعلقہ گزٹ ریاست رامپور

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور مورخہ ۱۶ لغایت ۲۲ اپریل

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ٹانک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم			۶ ار	۶ ار		۶ ار	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص			۱۰۶ ار	۶ ار		۶ ار	
نخود کستہ آمیز			۱۰۷ ار	۱۰۷ ار		۱۰۶ ار	
کستہ			۱۰۷ ار	۸ ار		۷ ار	
ماش			۵ ار	۵ ار		۵ ار	
مونگ			۴ ار	۴ ار		۴ ار	
مکئی			۸ ار	۱۰۷ ار		۷ ار	
جئی			۹ ار	۱۰ ار		۹ ار	
گوجئی			۸ ار	۸ ار		۷ ار	
عدس			۱۰۷ ار	۸ ار		۶ ار	
ارہر			۸ ار	۹ ار		۶ ار	
برنج			۴ ار	۴ ار		۵ ار	
روغن زرد			۰ ار	۰ ار		۰ ار	
روغن سیاہ			۶ و ار	۱ ار		۶ ار	
روغن کنجد			۱ ار	۳ ار		۱ ار	
نمک سانبھر			۱۰ ار	۸ ار		۸ ار	
نمک لاہوری			۲ ار	۵ ار		۲ ار	
قند سیاہ			۲ ار	۲ ار		۳ ار	
باجرہ							